روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 26 نومبر 2008ء 27 ذیقعد 1429 ہجری 26 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 271

## سب کاموں میں برکت کی دعا

حضرت بسرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا کرتے تھے اے اللہ سب کاموں میں ہمارا انجام بخیر کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے نجات دے۔

(مستدرك حاكم- كتاب المناقب ذكر بسر جلد3ص683- حديث نمبر6508)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہر ایک انسان کو ایک قسم کا خدا نے الہام عطا کر رکھا ہے جس کو نورِ قلب کہتے ہیں اور وہ یہ کہ نیک اور بد کام میں فرق کر لینا۔ جیسے کوئی چور یا خونی چوری یا خون کرتا ہے تو خدا اس کے دل میں اسی وقت ڈال دیتا ہے کہ تو نے یہ کام برا کیا اچھا نہیں کیا۔ لیکن وہ ایسے القاء کی کچھ پرواہ نہیں رکھتا۔ کیونکہ اس کا نور قلب نہایت ضعیف ہوتا ہے اور عقل بھی ضعیف اور قوت بہیمیہ غالب اور نفس طالب۔ سو اس طور کی طبیعتیں بھی دنیا میں پائی جاتی ہیں جن کا وجود روزمرہ کے مشاہدات سے ثابت ہوتا ہے۔ ان کے نفس کا شورش اور اشتعال جو فطرتی ہے کم نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ جو خدا نے لگا دیا اس کو کون دور کرے۔ ہاں خدا نے ان کا ایک علاج بھی رکھا ہے۔ وہ کیا ہے؟ توبہ و استغفار اور ندامت یعنے جب کہ برا خیال دل میں آوے۔ تو اگر وہ توبہ اور استغفا سے اس کا تدارک چاہیں تو خدا اس گناہ کو معاف کر دیتا ہے۔ جب وہ بار بار ٹھوکر کھانے سے بار بار نادم اور تائب ہوں تو وہ ندامت اور توبہ اس آلودگی کو دھو ڈالتی ہے۔ یہی حقیقی کفارہ ہے جو اس فطرتی گناہ کا علاج ہے۔ اسی کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ فرمایا ہے۔ ........... الجزو نمبر 5 یعنے جس سے کوئی بدعملی ہو جائے یا اپنے نفس پر کسی نوع کا ظلم کرے اور پھر پشیمان ہو کر خدا سے معافی چاہے تو وہ خدا کو غفور و رحیم پائے گا۔ اس لطیف اور پُر حکمت عبارت کا مطلب یہ ہے کہ جیسے لغزش اور گناہ نفوس ناقصہ کا خاصہ ہے جو ان سے سرزد ہوتا ہے۔ اس کے مقابلہ پر خدا کا ازلی اور ابدی خاصہ مغفرت و رحم ہے اور اپنی ذات میں وہ غفور و رحیم ہے یعنے اس کی مغفرت سرسری اور اتفاقی نہیں۔ بلکہ وہ اس کی ذات قدیم کی صفت قدیم ہے جس کو وہ دوست رکھتا ہے اور جوہر قابل پر اس کا فیضان چاہتا ہے۔ یعنے جب کبھی کوئی بشر بروقت صدور لغزش و گناہ بہ ندامت و توبہ خدا کی طرف رجوع کرے تو وہ خدا کے نزدیک اس قابل ہو جاتا ہے کہ رحمت اور مغفرت کے ساتھ خدا اس کی طرف رجوع کرے اور یہ رجوع الٰہی بندۂ نادم تائب کی طرف ایک یا دو مرتبہ میں محدود نہیں بلکہ یہ خدائے تعالیٰ کی ذات میں خاصۂ دائمی ہے اور جب تک کوئی گنہگار توبہ کی حالت میں اس کی طرف رجوع کرتا ہے وہ خاصہ اس کا ضرور اس پر ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ پس خدا کا قانون قدرت یہ نہیں ہے کہ **جو ٹھوکر کھانے والی طبیعتیں ہیں وہ ٹھوکر نہ کھاویں**۔ یا جو لوگ قویٰ بہیمیہ یا غضبیّہ کے مغلوب ہیں ان کی فطرت بدل جاوے۔ بلکہ اس کا قانون جو قدیم سے **بندھا چلا آتا ہے یہی ہے کہ ناقص لوگ جو بمقتضائے اپنے ذاتی نقصان کے گناہ کریں وہ توبہ اور استغفار کر کے بخشے جائیں۔**

(براہین احمدیہ چہار حصص۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 186)

## پلاسٹک سرجن کی آمد

مکرم ڈاکٹر ابرار پیرزادہ صاحب پلاسٹک/ہینڈ سرجری اور ہیئر ٹرانسپلانٹیشن کے ماہر مورخہ 30 نومبر 2008ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج

فضل عمر ہسپتال ربوہ دکھی اور ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج کرتا ہے۔ مخیّر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس سہولت کے فراہم کرنے میں ادارہ کی معاونت فرمائیں اور اپنی رقوم مدنادار مریضان میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## نمایاں کامیابی

مکرم محمد محمود طاہر صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بھتیجے عزیزم انتصار احمد ناصر ابن مکرم کمانڈر (ر) ناصر احمد صاحب سابق جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ کراچی نے امسال بحریہ کالج کراچی کی طرف سے یونیورسٹی آف کیمبرج کے امتحان اولیول میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے 9 As لے کر نمایاں کامیابی حاصل کی ہے بحریہ کالج کی طرف سے 24/اگست 2008ء کی روزنامہ ڈان میں موصوف کی تصویر دیگر نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ عزیزم انتصار احمد آجکل راولپنڈی سے اے لیول کر رہا ہے۔ جو مکرم چوہدری محمد صادق صاحب واقف زندگی سابق اکاؤنٹنٹ وکالت تبشیر کا پوتا اور مکرم ملک محمد شریف صاحب مرحوم سابق سیکرٹری اصلاح وارشاد ضلع راولپنڈی کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی مبارک کرے اور آئندہ کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی (5)

## بیت خدیجہ برلن میں استقبال و معائنہ، بیت خدیجہ کا میڈیا میں چرچا

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

## 15 اکتوبر 2008ء

صبح چھ بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور نن سپیٹ ہالینڈ میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نن سپیٹ کے مضافاتی علاقہ میں سیر کے لئے تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت النور میں تشریف لاکر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائی اور نماز کی ادائیگی کے بعد اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## جرمنی کے لئے روانگی

آج پروگرام کے مطابق نن سپیٹ ہالینڈ سے برلن (Berlin) جرمنی کے لئے روانگی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے استقبال اور حضور انور کے جرمنی کے سفر کے لئے جرمنی سے امیر صاحب جرمنی، مربی انچارج صاحب جرمنی، صدر صاحب خدام الاحمدیہ جرمنی اپنی خدام کی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ دوپہر سے قبل ہالینڈ پہنچ گئے تھے۔ پروگرام کے مطابق اڑھائی بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ مشن ہاؤس کے احاطہ میں احباب جماعت ہالینڈ مرد و خواتین کی ایک بڑی تعداد اپنے پیارے آقا کو الوداع کہنے کے لئے جمع تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور دعا کروائی اور قافلہ نن سپیٹ سے برلن (Berlin) کے لئے روانہ ہوا۔

نن سپیٹ (ہالینڈ) سے برلن (جرمنی) کا فاصلہ 632 کلومیٹر ہے۔

## جرمنی آمد

108 کلومیٹر کے سفر کے بعد ہالینڈ کا بارڈر کراس کر کے جرمنی کی حدود میں داخل ہوئے۔ یہاں تک قافلہ کے ساتھ آنے والے جماعت ہالینڈ کے عہدیداران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو الوداع کہہ کر واپس نن سپیٹ (ہالینڈ) کے لئے روانہ ہوئے۔ جماعت جرمنی کی گاڑیاں شروع سے ہی قافلہ کو لیڈ (Lead) کر رہی تھیں۔ اب قافلہ جرمنی کی حدود میں سفر کر رہا تھا۔ مجموعی طور پر 268 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد کچھ دیر کے لئے Auetal کے علاقہ میں ہائی وے پر ایک پٹرول پمپ سے ملحقہ ریسٹورنٹ میں رکے اور چائے وغیرہ پی۔ قریباً نصف گھنٹہ کے قیام کے بعد آگے روانگی ہوئی۔ جب 395 کلومیٹر کا فاصلہ طے کر چکے تو Mareborn کے مقام پر سابقہ مشرقی جرمنی کا بارڈر آیا۔ جواب بطور نشان اور بطور یادگار رہ گیا ہے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں دیوار برلن ٹوٹنے اور گرنے سے قبل مغربی جرمنی اور مشرقی جرمنی کی سرحدیں جدا ہوتی تھیں۔ سفر مسلسل جاری رہا۔

## بیت خدیجہ میں استقبال

رات آٹھ بجے برلن شہر میں داخل ہوئے اور آٹھ بجکر بیس منٹ پر بیت خدیجہ برلن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ورود مسعود ہوا۔ جہاں احباب جماعت نے بڑی تعداد میں اپنے پیارے آقا کا والہانہ استقبال کیا۔ مکرم عبدالباسط طارق صاحب مربی سلسلہ برلن، صدر جماعت برلن اور انچارج صاحب تعمیر بیوت الذکر جرمنی مکرم سعید گیسلر صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ ایک بچے نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں پھول پیش کئے۔

صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ جرمنی سعدیہ گڈٹ صاحبہ نے اپنی عاملہ کی بعض ممبرات کے ساتھ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو خوش آمدید کہا اور ایک بچی نے حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں پھول پیش کئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی برلن آمد سے قبل ہی ملک بھر کی جماعتوں کے نمائندگان برلن پہنچ چکے تھے۔ بیت خدیجہ برلن کے افتتاح کے اس تاریخی موقع پر یورپین ممالک یو۔کے، بیلجیئم، ہالینڈ، ڈنمارک، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، ناروے، آسٹریا، فرانس سے نمائندگان بھی برلن پہنچ چکے تھے۔ ان سبھی احباب نے اپنے پیارے آقا کی برلن آمد پر حضور انور کا پُرجوش اور ولولہ انگیز استقبال کیا۔ بچیوں نے کورس کی صورت میں استقبالیہ نغمات پیش کئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت احباب جماعت کے پاس تشریف لے گئے اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور پھر کچھ دیر کے لئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## بیت خدیجہ کے کوائف

بیت خدیجہ کی تعمیر برلن شہر کے علاقہ Pankow میں ہوئی ہے اور برلن شہر کا یہ علاقہ سابقہ مشرقی جرمنی میں شامل تھا۔

پلاٹ کا رقبہ 4790 مربع میٹر ہے اور تعمیر شدہ رقبہ 1008 مربع میٹر ہے۔ بیت خدیجہ کا سنگ بنیاد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دورہ جرمنی کے دوران 2 جنوری 2007ء کو رکھا تھا۔

بیت میں نماز پڑھنے کے لئے دو ہال ہیں اور ہر ہال کا رقبہ 168 مربع میٹر ہے۔ دونوں ہالوں کا کل رقبہ 336 مربع میٹر ہے۔

بیت کے مینارہ کی اونچائی 13 میٹر ہے اور گنبد کا Diameter 9 میٹر ہے۔

بیت خدیجہ کی تعمیر کے علاوہ اسی احاطہ میں ایک رہائشی حصہ اور دفاتر تعمیر کئے گئے ہیں۔ رہائشی حصہ میں ایک چار کمروں کی رہائش گاہ ہے۔ اس کے علاوہ دو کمروں کی رہائش گاہ اور ایک کمرہ کا مہمان خانہ بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ چار دفاتر، ایک لائبریری، ایک کانفرنس روم اور کھیلنے کے لئے چھوٹے سے گراؤنڈ کی سہولت موجود ہے۔ بڑے جماعتی کچن کی سہولت بھی موجود ہے۔ 22 گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ ہے۔ اس بیت الذکر کا ڈیزائن محترمہ مسز مبشرہ الیاس صاحبہ نے تیار کیا۔

یہ تاریخی بیت 1.7 ملین یورو میں مکمل ہوئی ہے اور اس کے اخراجات لجنہ اماء اللہ نے برداشت کئے ہیں۔ یہ بیت صرف خواتین کی مالی قربانیوں سے تعمیر ہوئی ہے۔ 1.3 ملین یورو کا خرچ لجنہ اماء اللہ جرمنی نے برداشت کیا ہے جبکہ بقیہ چار ملین یورو میں سے بڑا حصہ لجنہ اماء اللہ یو۔کے نے ادا کیا ہے۔

دو منزلہ بیت دور سے نظر آتی ہے اور اس کا بلند مینارہ اور گنبد لوگوں کی توجہ اپنی طرف کھینچتے ہیں۔

ساڑھے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت خدیجہ میں تشریف لاکر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب جرمنی سے بیت کے اندرونی حصہ کے رقبہ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ امیر صاحب جرمنی نے بتایا کہ 168 مربع میٹر اس ہال کا رقبہ ہے اور اتنے ہی رقبہ پر مشتمل لجنہ کا ہال ہے۔

## بیت خدیجہ کا معائنہ

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت کے بیرونی حصہ کا معائنہ فرمایا۔ بیت کے مینار اور گنبد کے بارہ میں دریافت فرمایا اور بیت کے اردگرد کے علاقہ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ امیر صاحب جرمنی نے بتایا کہ یہ بیت یہاں سے دو کلومیٹر دور سے نظر آرہی ہے۔ اس کا مینارہ اور گنبد اتنی دور سے نظر آنے شروع ہو جاتے ہیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## برلن کا تعارف

جرمنی کا شہر برلن (Berlin) 1183ء سے دریائے Spree کے کنارے آباد ہے۔ 892 مربع کلومیٹر کے رقبہ پر مشتمل اس شہر کی آبادی 3.4 ملین ہے۔ 1871ء میں اس شہر کو پہلی بار دارالحکومت کا درجہ حاصل ہوا۔ دوسری جنگ عظیم میں اس شہر کی آبادی 4.3 ملین تھی جس میں سے 2.8 ملین لوگ زندہ بچے اور چھ لاکھ مکانات تباہ ہوئے۔ دیوار برلن کی تعمیر سے یہ شہر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور ایک حصہ روس کے زیر اثر آ گیا جو مشرقی جرمنی کہلاتا تھا۔ 10 نومبر 1989ء کو دیوار برلن گرائی گئی اور یوں برلن کے دونوں حصے اکٹھے ہو گئے۔

بیت خدیجہ کی تعمیر اس لحاظ سے تاریخی اہمیت کی حامل ہے کہ یہ بیت الذکر شہر کے اس حصہ میں تعمیر ہوئی ہے جو روس (رشیا) کے زیر اثر تھا اور مشرقی جرمنی کہلاتا تھا۔

## میڈیا میں چرچا

اس بیت کی تعمیر کا چرچا دنیا بھر کے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا نے کیا ہے۔ بیت کے افتتاح سے قبل ہی اخبارات نے بیت کے بارہ میں خبریں دینی شروع کر دی تھیں۔

اخبار Berlin Morgenpost نے اپنی 19 ستمبر 2008ء کی اشاعت میں لکھا۔

**پانکوو Pankow کی ...... تقریباً مکمل**

...... کے خلاف مظاہروں، بلکہ حملوں کے باوجود، خدیجہ ...... کی تعمیر کا کام مسلسل جاری ہے۔ جماعت کے ترجمان نے کہا کہ ...... کے خلاف کارروائیوں میں کمی آ گئی ہے۔ اس کی ایک وجہ پولیس کے ساتھ ہمارا تعاون بھی ہے۔ وہ اس علاقہ کی پہلے سے بڑھ کر نگرانی کرتی ہے۔ اس خبر میں ...... کے منصوبہ، لاگت اور تاریخ کی تفصیل دی گئی ہے اور ذکر کیا گیا ہے کہ یہ برلن کے 200 احمدیوں کے لئے بنائی جا رہی ہے۔ اب تک ایک مکان جماعت کے مرکز کے طور پر استعمال کیا جا رہا تھا۔

(باقی صفحہ 15 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم منصور احمد صاحب امیر جماعت ضلع حیدر آباد

# محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی چند حسین یادیں

8 ستمبر 2008ء کی وہ اداس دوپہر جب کتاب ’’شہدائے احمدیت‘‘ زیر مطالعہ تھی فون کی گھنٹی بجی اور یہ اطلاع ملی کہ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب پر قاتلانہ حملہ ہوا ہے اور چند لمحوں بعد تصدیق ہوگئی کہ آپ راہ مولیٰ میں قربان ہوکر ہمیشہ کی زندگی پا گئے ہیں۔ فوری طور پر میر پور خاص کے لئے روانہ ہوا۔ وہاں کثیر تعداد میں احباب جمع تھے اور باقی بھی قافلہ درقافلہ چلے آ رہے تھے سب ایک دوسرے سے مل کر تسلیاں دے رہے تھے۔ آنسو آنکھوں سے رواں تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے سب کو غیر معمولی صبر عطا کیا۔ چہرہ دیکھنے کا موقع ملا ایک ابدی طمانیت تھی جو واضح طور پر محسوس کی گئی۔ ربوہ میں بھی احباب بہت بڑی تعداد میں جمع تھے۔ ربوہ کے علاوہ پاکستان کی جماعتوں اور دنیا کے بعض ممالک سے بھی دوست احباب آئے ہوئے تھے جو نماز جنازہ، تدفین اور دعا میں شامل ہوئے۔

محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب نے پاکستان بننے کے بعد حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر میر پور خاص میں سکونت اختیار کی تھی۔ 58-1957ء کا زمانہ مجھے یاد ہے جب فضل عمر میڈی کیئر سینٹر میں محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب بیٹھا کرتے تھے اور کلینک کی غربی سمت میں محترم ابوالخیر صدیقی صاحب کا دفتر تھا جو پیشہ کے لحاظ سے وکیل تھے اور رشتہ میں ڈاکٹر صاحب کے بھائی تھے۔

اللہ تعالیٰ نے 1962ء میں محترم ڈاکٹر صاحب کو یہ ہونہار بیٹا عطا کیا جس نے جلد جلد علم و عمل کی منزلیں طے کیں۔ ان کے ایم بی بی ایس پاس کرنے پر محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے ایک تقریب کا اہتمام کیا جس میں عاجز کو بھی شامل ہونے کی سعادت ملی۔ اس موقع پر محترم ڈاکٹر صاحب نے جو حالات بیان فرمائے اس میں بطور خاص اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ کس طرح قدم قدم پہ اللہ تعالیٰ کی نصرت شامل حال رہی ہے۔ بیٹے کا عطا ہونا، ان کی زندگی میں ایم بی بی ایس کرنا اور خود ڈاکٹر صاحب کو جو عارضہ قلب میں مبتلا تھے زندگی کا عطا ہونا کہ وہ بیٹے کی خوشیاں دیکھ سکیں ایسے امور تھے جو اعجازی رنگ رکھتے ہیں۔

محترم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب کی شخصیت میں اللہ تعالیٰ نے بہت نمایاں خوبیاں ودیعت کی تھیں۔ نماز باجماعت کا التزام بطور خاص کرتے تھے نماز فجر بعض اوقات دور دراز جماعتوں میں جا کر ادا کرتے تھے اور رات گئے بھی گھر لوٹتے تو صبح فجر کی نماز پہ موجود ہوتے۔ سارا دن دکھی انسانیت کی خدمت کرتے اور ان مصروفیات سے وقت نکال کر سینکڑوں میل دور جا کر طبی کیمپ لگاتے اور اپنے ساتھ ڈاکٹرز اور عملہ کی خاصی تعداد لے جاتے تا زیادہ سے زیادہ مریض استفادہ کر سکیں بعض اوقات عاجز کو بھی حیدر آباد سے ڈاکٹر یا عملہ بھجوانے کے لئے ارشاد فرماتے جس پر ہمیشہ لبیک کہنے کی توفیق ملتی رہی۔ خلافت سے عشق تھا خلافت کی ہر آواز پر لبیک کہتے ہوئے فوری اقدام فرماتے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی وفات کے موقع پر خاکسار والدہ کی بیماری کے سلسلے میں آپ کے پاس موجود تھا کہ موبائل پر فون آیا بہت بے چینی کی کیفیت تھی بات کرتے ہوئے کمرہ سے باہر تشریف لے گئے میں بھی آپ کی پریشانی دیکھ کر پیچھے ہی نکل آیا۔ فون بند ہونے پر بتایا کہ حضور وفات پا گئے ہیں اور میں لندن جا رہا ہوں چنانچہ میری والدہ کو دوائیاں وغیرہ دے کر ہسپتال سے فارغ کیا اور خود تیاری کے لئے گھر روانہ ہوگئے۔

احمدیت کے اس جاں نثار سپوت کو امریکہ میں زندگی گزارنے کی تمام آسائشیں اور حالات میسر تھے لیکن والد صاحب کے منشاء کے مطابق واپسی کا فیصلہ کر کے فوراً لوٹ آئے اس شہر میں جہاں آپ کے والد صاحب نے نصف صدی تک مخلوق خدا کی بے لوث خدمات سرانجام دیں۔ میر پور جو سندھ کے میر خاندان کی روایتی محبتوں کا شہر ہے ہمیشہ سے پیار اور محبت کا امین رہا ہے ہر مکتبہ فکر کے افراد الفت اور چاہت کی فضا میں رہ رہے ہیں۔ کچھ مخصوص لوگ جنہوں نے اپنے مذموم مقاصد کے لئے اس بہیمانہ اقدام کو روا رکھا اس ساری مخلوق خدا کے مقابلہ پہ کوئی حیثیت نہیں رکھتے جن کا کہنا تھا کہ یہ پوری انسانیت کا قتل ہے کیوں نہ ہو بندگان خدا کا یہ مسیحا علاقہ کے ایک ایک باسی کی تکلیف پر اپنا آرام تج کر، دن رات خدمت خلق میں مصروف رہتا۔ خدمت کا یہ جذبہ چھلکتا ہوا نظر آتا تھا جو آپ کو سندھ کے دور دراز علاقوں میں بھی لے جاتا امیر مینائی کا یہ شعر ان کے جذبہ خدمت کی بہت حد تک عکاسی کرتا ہے

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیر
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

ڈاکٹر صاحب محترم کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی بصیرت عطا فرمائی تھی فوراً معاملہ کی نوعیت سمجھ جاتے اور اس کے مطابق انتظامی اقدامات کرتے جس کے نتیجہ میں معاملات بروقت سلجھانے میں کامیاب ہو جاتے طبیعت میں حوصلہ مندی اور دلیری کی صفات بہت نمایاں تھیں جب کسی کام کو کرنے کا عزم کرتے تو ظاہری کوشش کے ساتھ ساتھ حضور پُر نور کی خدمت میں دعا کے لئے لکھتے۔

آپ نے خاندانی تعلقات اور روابط کو بہت آگے بڑھایا والد صاحب محترم کے رابطوں کو نہ صرف قائم رکھا بلکہ یہ تعلقات آپ کے دور میں خوب پروان چڑھے سندھ کے یہ معززین آپ سے بہت عزت اور تعظیم سے پیش آتے۔

اللہ تعالیٰ نے بطور خاص آپ کی شخصیت میں یہ اعجاز عطا کیا تھا کہ ان گنت مصروفیات میں ہر شخص کو ایسی ذاتی توجہ دینے میں کامیاب رہے کہ سب یہی سمجھے کہ مجھ سے جو محبت ہے کسی اور سے نہیں۔ خاندان حضرت مسیح موعود اور واقفین زندگی کا خاص طور پر بہت احترام کرتے تھے۔

امسال لندن میں جلسہ جوبلی کی رونقوں اور حضور پُرنور کی بے پایاں شفقتوں سے فیضیاب ہو کر ہم ایک ہی پرواز سے واپس لوٹے تھے کسے خبر تھی کہ یہ آخری ملاقات ہے میری بیماری کے سلسلہ میں بڑے اصرار سے آنے کے لئے کہتے رہے میں ابھی جانے کا سوچ رہا تھا کہ وہ ابدی زندگی پا کر جاودانی منزلوں کی طرف چلے گئے۔

ملو جو ملنا ہو ہم سے کہ ہم بہ نوک گیاہ
مثال قطرۂ شبنم رہے رہے نہ رہے

میری والدہ مرحومہ میری بچپن کی بیماری کا اکثر تذکرہ فرمایا کرتی تھیں کہ ان دنوں بچوں میں اس نوع کی بیماری تھی جس سے کئی بچے وفات پا چکے تھے جب عاجز کو یہ بیماری لاحق ہوئی تو اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دورۂ سندھ کا آغاز ہوا۔ حضور پُر نور کے معالج حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب اور حضرت ڈاکٹر احمد دین صاحب کے مشورہ سے علاج کا آغاز ہوا اور یہ ہدایت کی گئی کہ جس سٹیٹ میں حضور انور کا دورہ ہو میری والدہ مجھے لے کر ساتھ ساتھ رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعود کی دعاؤں اور ان معالجین کی شفقت سے مجھے شفاء عطا فرمائی پھر وہ زمانہ آیا جب محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب کے پاس علاج کے لئے حاضر ہوتے رہے اور پھر ڈاکٹر عبدالمنان صاحب کی شفقتوں کے دور کا آغاز ہوا۔ یہ دست مسیحائی رکھنے والے غلامان مسیح مخلوق خدا کے سچے ہمدرد تھے۔ محترم ڈاکٹر صاحب کلینک کے اوقات اور طبی کیمپس میں تو مشورہ دیتے اور علاج کرتے ہی تھے لیکن آپ چلتے پھرتے مسیحا نفس وجود تھے۔ ٹیلیفون پر بھی نسخے اور مشورے جاری رہتے اور جماعتی دوروں میں بھی یہ سلسلہ ساتھ ساتھ رواں دواں رہتا۔ محترم ڈاکٹر صاحب میں مہمان نوازی کا وصف بہت نمایاں تھا۔ مرکز سے آئے ہوئے مہمانان گرامی واقفین زندگی کارکنان سلسلہ اور مقامی احباب کے ساتھ ایسے مواقع پیدا کرتے رہتے تھے کہ مل بیٹھنے کا کوئی سلسلہ ہو جائے۔ اس سال جلسہ لندن کے بعد ایک ایسی ہی تقریب کا اہتمام مکرم ڈاکٹر عبدالحلیم صاحب نے کیا جس کے روح رواں آپ تھے میری بیٹی کی شادی ہوئی تو ہم سب کی گھر پہ دعوت کی بچوں کو تحائف بھی دیئے۔ محبت کا عجب انداز تھا وہ دل کے معالج تو تھے ہی لیکن اصل مسیحائی تو وہ دل جیت کر کرتے تھے۔ سینکڑوں کی تعداد میں بندگان خدا ایسے تھے جن کا نہ صرف علاج مفت ہوتا تھا بلکہ ادویات وغیرہ بھی ان کو مہیا کر دیتے تھے ان تمام خوبیوں کے باوجود عاجزی انکساری بہت تھی اللہ تعالیٰ نے عزت بہت دی لیکن کبھی بھی خود کو نمایاں کرنے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔ ان سب خوبیوں کے پیچھے آپ کے والدین کی دعائیں اور آپ کی اہلیہ محترمہ کا غیر معمولی تعاون تھا جنہوں نے اس جہد مسلسل کرنے والے مجاہد کے لئے خود کو وقف کر رکھا تھا۔ ان کے غم کا مداوا ہم دعاؤں سے کر سکتے ہیں۔ حضور پُر نور کی شفقتوں سے دلوں کی بہت ڈھارس بندھی ہے اللہ تعالیٰ راہ مولیٰ میں قربان ہونے والی محترم ہستی کے درجات بلند سے بلند تر فرمائے اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ ڈاکٹر صاحب کی والدہ محترمہ، اہلیہ محترمہ، بچوں اور سب عزیزوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ بے انتہا فضلوں سے نوازے۔ ہمیشہ اپنے پیار کے سایہ تلے رکھے اور خود سب کا حافظ و ناصر ہو حامی و ناصر ہو۔ آمین

## سب سے بڑا ناصح

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

قاعدہ کی بات ہے کہ انسان کو جو چیز مضر ہوتی ہے ایک دو بار کے تجربہ اور مشاہدہ کے بعد اس کو چھوڑ دیتا ہے لیکن ہر روز موت کی وارداتیں ہوتی ہیں جنازے نکلتے ہیں مگر ان موتوں سے یہ عبرت حاصل نہیں کرتا حالانکہ اس سے بڑھ کر اور کون ناصح ہوسکتا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 437)

(بقیہ صفحہ 5)

12۔ آپ کے گھر یا کمرے میں بے ترتیبی یا اشیاء کا ادھر ادھر بکھرا ہونا یا گند پڑا ہونا آپ کی طبیعت پر نہایت منفی اثر ڈالتا ہے لہٰذا گھر اور کمروں کی صفائی اور اشیاء کا ترتیب سے لگانا بھی ہماری صحت اور تازگی کے لئے نہایت ضروری ہے۔

13۔ ہمیں چاہئے کہ انسانیت کی فلاح و بہبود اور ہمدردی کے لئے رضاکارانہ طور پر فلاحی کاموں میں بھی حصہ لیں ایسے کام کئی طریقوں سے ہمارے جسم کو توانائی اور طاقت فراہم کرتے ہیں۔ یہ ہمیں خوشی پہنچاتے ہیں۔ اطمینان مہیا کرتے ہیں، ہمیں زندگی پر گرفت مضبوط ہونے کا احساس دلاتے ہیں۔ ہماری جسمانی صحت اور موڈ میں بہتری لاتے ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ روحانی خوشی کا موجب بنتے ہیں۔

تھکاوٹ سے بچنے کے لئے مندرجہ بالا تراکیب کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم آرام کرنے کے اوقات میں مناسب اور مکمل آرام کریں مثلاً ٹی وی اور کمپیوٹر وغیرہ کو جلد بند کر دینا چاہئے۔ اس کے علاوہ ہلکی پھلکی ورزش کرنا اور اپنی پریشانیوں کو قلم بند کرنا بھی ہمارے لئے مفید ثابت ہوسکتا ہے۔

مکرمہ مریم صدیقہ صاحبہ (ممبر بین الاقوامی ماحولیاتی تنظیم IUCN)

# نیوکلیائی دور میں صحت کا بحران

اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں شروع سے ہی دینی اور دنیاوی ترقی کا مادہ رکھا ہے۔ جہاں ایک روحانی شخص روحانیت میں ترقی کر کے تقویٰ کی اعلیٰ منازل تک پہنچ سکتا ہے وہاں اللہ تعالیٰ نے مادی ترقی کے دروازے بھی ہمیشہ کھلے رکھے ہیں۔

انسان ازل سے ہی اپنی زندگی میں بہتر سے بہتر تبدیلیاں پیدا کرنے کا خواہاں رہا ہے۔ جب انسان نے زمین پر نظر کی تو طرح طرح کی آرام دہ ایجادات کے ڈھیر لگا دیئے۔ پتھر کے دور سے نکلا ہوا آدمی آج کار، ریل اور ہوائی جہاز پر سفر کر رہا ہے۔ ہمارے گھروں میں گیس، بجلی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کوئی معمولی بات نہیں۔ آج انسان سمندروں کو چیر رہا ہے، پہاڑوں کو کاٹ رہا ہے، زبردست مواصلاتی نظام نے دنیا کو ایک گلوبل ولیج (Global Village) بنا دیا ہے۔ زمین کو تسخیر کرنے کے بعد انسان نے زمین کے اندر چھپے خزانوں کو بھی نہیں چھوڑا بلکہ پاتال تک کے راز جاننے کی کوشش اب بھی جاری ہے۔ اسی طرح جب آسمان پر نظر کی تو ستاروں اور کہکشاؤں پر کمند ڈالنے کے خواب دیکھے بلکہ چاند تک رسائی حاصل کرنے میں تو کامیاب بھی ہو گیا ہے۔ کائنات کی بڑی بڑی چیزوں کو تسخیر کرنے کے ساتھ ساتھ ذرے تک کا دل چیر کے رکھ دیا اور ایٹم اور اس سے بھی چھوٹے چھوٹے ذرات کے بارے میں گرانقدر معلومات حاصل کر کے انسان صحیح معنوں میں نیوکلیائی دور میں داخل ہو چکا ہے اور دنیا کے کئی ممالک ایٹمی طاقت بن چکے ہیں۔ اسی طرح علاج معالجے کے نت نئے طریقے دریافت ہونے کے بعد امراض کی تشخیص نہایت آسان ہو گئی ہے۔

لیکن اس کے باوجود نہایت حیرت انگیز بات یہ ہے کہ انسان کو لاحق ہونے والی بیماریوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے اور اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ ہم اپنے ماحول میں ضرررساں چیزوں کی نشاندہی کرنے میں ناکام ہیں یا کوتاہی برت رہے ہیں، ہماری زندگی کے اطوار بدل گئے ہیں اور ہم دانستہ یا غیر دانستہ طور پر اپنی صحت سے غافل ہوتے جا رہے ہیں۔ ہم جو اشیاء استعمال کر رہے ہیں۔ ان کے کیا کیا نقصانات ہیں۔ ان میں سے چند اہم اشیاء کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

## دور جدید کا ایک میٹھا فریب

اگر ہم روزانہ سوڈا واٹر کی ایک بوتل استعمال کریں تو موٹاپے کا خطرہ 60 فیصد بڑھ جاتا ہے اس کی وجہ ان مشروبات میں موجود بڑی مقدار میں شکر ہے جو دیگر مضر اجزاء کے علاوہ ان میں موجود ہوتی ہے۔ موٹاپے کے علاوہ دانتوں کا خراب ہونا، ہڈیوں کا کمزور ہونا اور نشے کی حد تک ان کا عادی ہو جانا بھی ان مشروبات کے اہم نقصانات ہیں۔ سوڈا واٹر مشروبات استعمال کرنے کا ایک اور نقصان یہ بھی ہے کہ بہت زیادہ سوڈا پینے سے بھوک کم ہو جاتی یا بالکل ختم ہو جاتی ہے اور ہم اپنی خوراک میں توازن کھو بیٹھتے ہیں اور بظاہر موٹے ہونے کے باوجود ہماری صحت کمزور سے کمزور تر ہوتی چلی جاتی ہے۔ کیونکہ ہم بہت سے لحمیات، سبزیوں اور وٹامنز سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جو ہماری متوازن خوراک کا لازمی حصہ ہونے چاہئیں۔ کچھ ایسے ہی منفی اثرات کا موجب بازاری مصنوعات مثلاً چپس، نمکو، کیک، بسکٹ، چاکلیٹ، ٹافیاں وغیرہ ہیں۔ اگر ہم سوڈا میں موجود اجزاء پر ایک نظر ڈالیں تو مندرجہ ذیل نقصان دہ اجزاء ان میں شامل ہوتے ہیں۔

### فاسفورک ایسڈ (Phosphoric Acid)

یہ ہمارے جسم میں کیلشیم کے نظام کو متاثر کرتا ہے اور ہماری ہڈیاں اور دانت کمزور کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے معدے میں موجود تیزاب (HCL) کو بے اثر کر دیتا ہے اور نتیجتاً نظام ہضم پر بوجھ ڈال کر اس میں خرابی پیدا کرتا ہے۔

### شکر (Sugar)

دنیا بھر میں شکر کا سب سے زیادہ استعمال سوفٹ ڈرنکس یعنی سوڈے کی بوتل بنانے والی کمپنیاں کر رہی ہیں اور یہ بات ثابت شدہ ہے کہ شکر ہمارے جسم میں انسولین کی مقدار کو بڑھا دیتی ہے جس کے نتیجے میں بلند فشارخون، کولیسٹرول کا بڑھ جانا اور دل کی بیماریاں، ذیابیطس، وزن کا بڑھ جانا اور وقت سے پہلے بڑھاپے کے آثار نمودار ہونا اور کئی دیگر منفی اثرات شامل ہیں۔

یہاں عوام کے لئے یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ بظاہر پھیکا ہونے کے باوجود ان مشروبات میں بہت بڑی مقدار میں شکر موجود ہوتی ہے۔

### اسپارٹیم (Aspartame)

یہ خطرناک کیمیکل ''ڈائٹ سوڈا'' بنانے کے لئے شکر کے متبادل کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ ہماری صحت پر 92 سے زائد مختلف مضر اثرات مرتب کرتا ہے جن میں دماغ کی رسولیاں، پیدائشی خرابیاں، ذیابیطس، ذہنی و جذباتی عوارض، مرگی یا جھٹکے وغیرہ لگنا شامل ہیں۔ اگر یہ کیمیکل لمبے عرصے تک یا گرم جگہوں پر پڑا رہے تو یہ پہلے میتھانول (Methanol) اور پھر فارمیلڈی ہائیڈ اور فارمک ایسڈ (Formic Acid) میں تبدیل ہو جاتا ہے جو کینسر پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

یہ خطرناک کیمیکل تقریباً 6000 مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً ڈائٹ سوڈا، جوس کے ڈبے، چیونگم، سویٹس، دلیے اور جیم وغیرہ جیسی بازار میں عام بکنے والی اشیاء۔ بازار میں Aspartame مندرجہ ذیل ناموں کے ساتھ دستیاب ہے۔ مثلاً Nutra Sweet, Equal, Spoonful, Equal measure اور Canderel وغیرہ

اس کے استعمال سے ہونے والی کچھ اور اہم علامات میں رسولیاں، آنکھوں کے عوارض مثلاً آنکھیں باہر کو نکلی ہونا، آنکھ کے اندرونی پردے ریٹینا کی بیماری، اندھاپن اور آنکھ میں خون جاری ہونا، جزوی فالج، سر اور گردن کے پٹھوں کا اکڑاؤ، چال میں لڑکھڑاہٹ جلدی عوارض، موٹاپا، موروثی اور پیدائشی عوارض شامل ہیں۔

اس خطرناک کیمیکل کے مضر اثرات کے بارے میں ایک خاتون کے انوکھے تجربے کا ذکر ملتا ہے کہ اس نے 108 چوہوں کو اپنی تحقیق میں شامل کیا جن میں سے 11 چوہوں کو اس نے 2 سال آٹھ ماہ تک ڈائٹ سوڈا کی شکل میں اسپارٹیم روزانہ استعمال کروائی۔ حیرت انگیز طور پر ان 11 مادہ چوہوں میں سے 37 فیصد کو رسولیاں بن گئیں جن میں سے کچھ تو بہت بڑی تھیں، اس کے بعد ایک اور ڈاکٹر مسٹر سوفریٹی نے 8 سال پر محیط بڑا تجربہ کیا جس میں 1800 چوہوں کو شامل کیا۔ یہ تجربہ 2005ء میں مکمل ہوا۔ اس کے نتائج نے بھی خاص طور پر مادہ چوہوں میں کینسر اور رسولیوں کے ہو جانے کا انکشاف کیا اور یہ سب اسپارٹیم کی وجہ قرار دی گئی۔

اسپارٹیم کی ان تباہ کاریوں کے ذکر کے بعد غذائی مصنوعات میں 10 مزید اشیاء ہمیں خاص طور پر نوٹ کرنی چاہئیں۔ یہ کیمیکل مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔سوڈیم نائٹریٹ Sodium Nitrate
2۔بی ایچ اے اور بی ایچ ٹی BHA & BHT
3۔پروپائل گیلیٹ Propyl Gallate
4۔مونو سوڈیم گلوٹامیٹ Mono Sodium Glutamate (MSG)
5۔ٹرانس فیٹس Trans Fats
6۔ایس سلفیم کے Ace Sulfame-K
7۔فوڈ کلرز Food Colouring Blue 1,2. Red 3, Green 3, Yellow 6
8۔اولیسٹرا Olestra
9۔پوٹاشیم برومیٹ Potassium Bromate
10۔سفید شکر White Sugar

### کیفین (Caffeine)

ایسے مشروبات جن میں کیفین شامل ہوتی ہے، ان کے استعمال سے انسانی جسم میں بے خوابی، جھٹکے لگنا، بلند فشارخون، دھڑکن کی بے ترتیبی، کولیسٹرول کا بڑھنا، حیاتین کی کمی اور پیدائشی نقائص جیسی خرابیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

### ٹیپ واٹر (Tap Water)

نلکے کا غیر فلٹر شدہ پانی ان مشروبات کا سب سے بڑا جز ہوتا ہے جو پہلے سے ہی اپنے اندر کئی ضرررساں اجزاء مثلاً کلورین، سیسہ، کیڈمیم اور دیگر نامیاتی آلودگیاں لئے ہوئے ہوتا ہے۔

## ایلومینیم ایک خطرناک زہر

ایلومینیم جو دراصل ایک دھات ہے، اگر زیادہ مقدار میں ہمارے جسم میں داخل ہو جائے تو انسانی دماغ اور ہڈیوں کے نظام (Skeleton) میں نہایت مضر تبدیلیاں پیدا کر دیتی ہے۔ یہ وہی دھات ہے جسے عرف عام میں سلور کہتے ہیں اور اس کے برتنوں کا استعمال کئی سال قبل حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے منع فرما دیا تھا۔

### ایلومینیم کن ذرائع سے ہمارے جسم میں جاسکتا ہے

ایلومینیم کھانے پینے کی مصنوعات مثلاً بیکنگ پاؤڈر، کھانے کے کلرز، ایلومینیم کین میں محفوظ کئے گئے مشروبات، ایلومینیم کے کاغذ میں محفوظ کی گئی اشیاء مثلاً بازاری جوس کے ڈبے، ایلومینیم کے برتنوں میں کھانا پکانے کے علاوہ میڈیکل ادویات، دانت سفید کرنے والی ٹوتھ پیسٹ، باڈی سپرے، کاسمیٹکس، لوشنز، کریم اور شیمپوز وغیرہ کے ذریعے ہمارے جسم میں داخل ہوتا رہتا ہے اور خون میں شامل ہو کر ہمارے جسم کے اہم اعضاء کو نہایت خطرناک نقصانات پہنچاتا ہے اور حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ تمام اشیاء ہم روزمرہ زندگی میں بڑی مقدار میں اور عام استعمال کر رہے ہیں۔ مثلاً ہم بعض اوقات گھروں میں بازار سے خریدی گئی ایسی کیچپ استعمال کرتے ہیں جو شیشے کی بوتل کی بجائے ایلومینیم فوئل یا ساشے میں دستیاب ہوتی ہے، ہمیں اس کا استعمال بھی ترک کرنا چاہئے۔

### ایلومینیم سے پیدا ہونے والی علامات

توجہ مرکوز نہ کر سکنا، ڈپریشن، تھکاوٹ، نقاہت، افسردگی، عضلات کی کمزوری، نظام تنفس کے عوارض، معدہ اور آنتوں کے نظام کی خرابیاں، تھائرائیڈ غدود کی بیماریاں، دل کی دھڑکن کا زیادہ محسوس ہونا، ٹھنڈے یا گرم موسم، روشنی، اندھیرے، شور، خوشبو اور حرکت سے غیر معمولی حساسیت کے علاوہ دماغ کی نہایت اہم بیماری ایلزائمرز (Alzheimers) جیسی علامات ایلومینیم کے جسم میں خطرناک حد تک سرایت کر جانے کی وجہ سے ہو سکتی ہیں۔

### ایلومینیم سے بچاؤ

یہ زیادہ مشکل نہیں ہے بلکہ ہمیں صرف یہ کرنا ہے ہمیں چاہئے کہ مصنوعی اشیاء، ادویات اور ڈریسنگ ٹیبل وغیرہ پر استعمال ہونے والی مصنوعات کے لیبل ضرور پڑھ لیں کہ ان میں کہیں ایلومینیم تو نہیں اس کے علاوہ ہمیں پنیر، بیکری کی مصنوعات کا استعمال کم سے کم

کرنا چاہیئے۔ کھانا گرم رکھنے کے لئے ایلومینیم کاغذ کا استعمال ترک کرنا چاہیئے اور ایلومینیم کے برتنوں میں کھانا کھانے سے احتراز کرنا چاہیئے۔

## ایک بیماری ’’اخبار‘‘ میں

اخبار اپنے اندر خبروں کے علاوہ ایک نہایت خطرناک زہر بھی لئے ہوئے ہے جس کو انگریزی میں Lead اور اردو میں سیسہ کہتے ہیں۔ یہ سانس کے ذریعے یا جلد سے جذب ہو کر ہمارے جسم میں داخل ہوتا ہے۔ خون میں جذب ہونے کے بعد اس کا کچھ حصہ تو گردوں کے ذریعہ فلٹر ہو کر ہمارے جسم سے خارج ہو جاتا ہے جبکہ زیادہ تر حصہ دماغ، جگر، گردوں اور ہڈیوں میں جمع ہو کر انہیں نقصان پہنچاتا ہے۔ ہم 80 فیصد تا 90 فیصد لیڈ گاڑیوں کے دھوئیں کے ذریعے اپنے سانس کے ساتھ اندر لے جاتے ہیں اور خاص طور پر شہروں میں رہنے والے افراد اس خطرناک زہر کا شکار ہو رہے ہیں۔ سیسے کا دوسرا اہم ذریعہ جس سے عوام الناس بہت حد تک بے خبر ہیں، اخبار کے کاغذ میں سیاہی کا استعمال ہے۔ ہمارے ہاں اخبار کے کاغذ میں روٹی لپیٹنا اور کھانے پینے کی دوسری اشیاء استعمال کرنا عام ہے۔ بے خبری میں اس طرح ہم سیسے کی کچھ مقدار غیر محسوس طور پر اپنے اندر لے جا رہے ہوتے ہیں جو آہستہ آہستہ جسم میں جمع ہو کر ہمیں نقصان پہنچاتا ہے۔

## سیسے کے نقصانات اور علامات

یہ خاص طور پر دماغ اور اعصابی نظام کو شدید نقصان پہنچاتا ہے۔ اس کے علاوہ گردے اور دل کی بیماریاں، خون کی کمی اور جنسی اعضاء کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ دیگر علامات میں متلی، پیٹ درد، سینے کی درد، بے خوابی، تھکاوٹ، سر درد، منہ میں دھات کا ذائقہ آنا، بھوک کم لگنا، قے، اسہال اور وزن کم ہونا ہیں۔ بعض اوقات سیسے کی وجہ سے مسوڑھوں پر ایک نیلی لکیر ظاہر ہو جاتی ہے۔

یہاں ایک قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ چھوٹے بچے بڑوں کی نسبت 6 سے 8 گنا زیادہ سیسہ جذب کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگر بچوں میں کیلشیم اور فولاد کی کمی ہو تو یہ مقدار اور بڑھ جاتی ہے اور بچوں کو ہونے والا نقصان بھی زیادہ ہوتا ہے کیونکہ ان کا دماغ اور اعصابی نظام ابھی نشوونما کے مدارج طے کر رہا ہوتا ہے۔ لہٰذا بچوں کو اس خطرناک زہر سے بچانے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیئے۔ بہت سے Researchers اور Child Advocacy Groups نے اس بات کی تصدیق کر دی ہے کہ اگر بچپن میں بچوں کے جسم میں سیسہ نسبتاً زیادہ مقدار میں داخل ہو جائے تو ان میں کند ذہنی بہت زیادہ حد تک بڑھ جاتی ہے۔

## ایک نیا ’’برقی مقناطیسی‘‘ نشہ

### A New "Electromagnetic" Drug

ایک نہایت سنسنی خیز حقیقت یہ ہے کہ سیل فون کا استعمال کرنے والے افراد میں دماغ کی رسولی کے امکانات 240 فیصد بڑھ جاتے ہیں۔ سیل فون سے ہونے والے کچھ عوارض میں یاد رکھیں کہ یہ سر درد اور تھکاوٹ سے لے کر ایلزائمرز Alzheimers Disease اور Parkinsons Disease اور دماغ کے ٹیومر تک کا باعث بن سکتا ہے۔ دیگر علامات میں بھول جانے کا مرض، بے خوابی، توجہ مرکوز نہ کر سکنا اور دیگر ذہنی علامات ہیں۔ اس کے علاوہ اس کی خطرناک شعاعیں خون کے خلیات، آنکھوں اور اعصابی خلیات کے علاوہ ہمارے DNA تک کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ لہٰذا اس کا استعمال ہمیں کم سے کم وقت کے لئے ہی کرنا چاہیئے اور خاص طور پر بچوں کو اس کے استعمال کی اجازت نہیں دی جانی چاہیئے کیونکہ ان کو اس کی شعاعیں نقصان بھی زیادہ پہنچاتی ہیں۔ مختلف سائنسدانوں نے چوہوں کے دماغ پر تجربات کر کے سیل فون سے ہونے والے نقصانات کو ثابت کیا ہے۔ مثلاً ان کے دماغ کی شریانوں سے پروٹین کا رسنا اور دماغ کے کچھ حصوں کا سکڑ جانا تجربات سے ثابت ہے۔

اس سے بچاؤ کے لئے موبائل فون کا استعمال محدود کر دینا چاہیئے۔ کھلی جگہ پر اس کا استعمال نسبتاً کم نقصان دہ ہے۔ علاوہ ازیں کال Attend کرنے کے لئے Bluetooth Device یا فون کی بجائے Handsfree نسبتاً بہتر انتخاب ہے۔

جس طرح محدب عدسہ سورج کی شعاعوں کو ایک نکتے پر مرتکز کر کے کاغذ کو جلا دیتا ہے اسی طرح الیکٹرومیگنیٹک شعاعیں بھی ہمارے ماحول کا حصہ بن چکی ہیں۔ جیسے سورج کی شعاعیں۔ موبائل فون کا انٹینا محدب عدسے کی طرح کام کرتا ہے اور کاغذ کی جگہ ہمارے جسم اور دماغ کے خلیات کو نقصان پہنچاتا ہے۔ یہاں یہ بھی یاد رہے کہ ہمارے جسم کے دوسرے خلیات اور ٹشوز کے برعکس دماغ کے پیغام رساں خلیات دوبارہ نہیں بنتے اور ان کو پہنچنے والا نقصان ناقابل تلافی ہوتا ہے۔

اب فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے کہ آپ کے لئے کیا زیادہ اہم ہے؟ آپ کا سیل فون یا آپ کا دماغ؟

## بھوت پریت کی سائنسی حقیقت

دیہاتی ماحول میں اور بعض اوقات شہروں میں نہایت پرانے مکانوں میں بعض لوگ جن بھوت نظر آنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اسی طرح بعض گھروں سے لوگوں کو عجیب و غریب آوازیں آتی ہیں یا شکلیں دکھائی دیتی ہیں۔ خوف آتا ہے یا بعض اوقات تمام گھر والوں کی پُراسرار موت واقع ہو جاتی ہے۔ معاشرے میں ایسے گھروں کو آسیب زدہ کہہ کر بھوت بنگلہ کے نام سے موسوم کر دیا جاتا ہے۔ جدید سائنس نے آج ثابت کر دیا ہے کہ یہ دراصل ایک غلط فہمی ہے بلکہ یہ تمام پُراسرار علامات ایک زہریلی گیس کاربن مونو آکسائیڈ کے جسم میں داخل ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں اور بہت زیادہ مقدار میں اس گیس کا جسم میں جانا موت پر بھی منتج ہو سکتا ہے۔ اس کی دیگر ابتدائی علامات میں بے چینی، افسردگی، یادداشت کی کمزوری، جذباتی مسائل اور پُراسرار اشیاء کا نظر آنا یا عجیب و غریب آوازوں کا سنائی دینا ہے جسے عام طور پر ان پڑھ معاشرے میں جن بھوت کے نام سے موسوم کر دیا جاتا ہے۔

ان کی اہم وجوہات خصوصاً دیہاتوں میں سونے والے کمرے کے اندر کھانا وغیرہ پکانا ہے۔ لکڑیوں کے جلنے سے دھواں اور روشندان نہ ہونے کی وجہ سے کمروں کے اندر ہی رہ جاتا ہے اور یہ زہریلی گیس جسم میں شامل ہوتی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ ہیٹرز، لکڑی کے چولہوں، موٹر گاڑیوں کے دھوئیں، جنریٹر وغیرہ سے نکلنے والے دھوئیں کو بند جگہوں سے نکلنے کی جگہ نہ ملے تو ان سے پیدا ہونے والی گیس مندرجہ بالا پُراسرار علامات پیدا کر سکتی ہے۔

دیہی ماحول میں یہ بات نہایت عام ہے کہ شام یا رات کے وقت درختوں کے زیادہ قریب جانے سے جن چڑھ جاتا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ شام کے بعد درختوں سے آکسیجن ($O_2$) کی بجائے کاربن ڈائی آکسائیڈ ($CO_2$) گیس کا اخراج ہوتا ہے۔ جب یہ $CO_2$ گیس زیادہ مقدار میں ہمارے خون میں شامل ہو جاتی ہے تو ایسی علامات کا موجب بن جاتی ہے جسے لوگ جن چڑھ جانے سے تشبیہ دیتے ہیں۔

2005ء میں شائع ہونے والی ایک دلچسپ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایک 23 سالہ لڑکی جو کہ اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھی تھی اور تیز تیز سانس لیتے ہوئے ’’بھوت‘‘ کا ذکر رہی تھی جو کہ اس نے نہاتے ہوئے دیکھا۔ جب تحقیق کی گئی تو علم ہوا کہ کچھ عرصہ پہلے ان کے گھر بالکل نیا واٹر ہیٹر لگایا گیا تھا اور اس کی فٹنگ مناسب نہ ہو سکی تھی۔ جب اس لڑکی نے شاور لینے کے لئے تمام بیرونی کھڑکیاں اور دروازے بند کئے تو پورا گھر کاربن مونو آکسائیڈ سے بھر گیا۔ جس کی وجہ سے اسے یہ مصنوعی بھوت نظر آیا۔

## تھکاوٹ سے بچنے کے چند سنہری اصول

1۔ سب سے پہلی، بنیادی اور اہم بات یہ کہ ہمیں ناشتہ ضرور کرنا چاہیئے خواہ ہمیں بھوک نہ بھی لگی ہو۔

2۔ ہمیں ہر تین سے چار گھنٹے بعد تھوڑی تھوڑی مقدار میں کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا چاہیئے۔ خاص طور پر پھلوں کا استعمال اپنی زندگی میں یقینی بنانا چاہیئے۔

3۔ ہمیں زیادہ فائبر کا استعمال کرنا چاہیئے یعنی ریشے والی اشیاء مثلاً پھل سبزیاں، بند گوبھی، سلاد اور مکئی وغیرہ کا استعمال بکثرت کرنا چاہیئے۔

4۔ ہمیں Omega-3 کا استعمال کرنا چاہیئے جو ہمارے دماغ کو توانائی اور ایندھن مہیا کرتے ہیں۔ یہ مرکبات بعض اقسام کی مچھلیوں، انڈے، اخروٹ اور کینولا کے تیل میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ یہ ہمارے دماغ کے خلیات کو صحت مند رکھتے ہیں اور ہم ذہنی طور پر اپنے آپ کو چست محسوس کرتے ہیں۔

5۔ ہمیں پانی کا استعمال بکثرت کرنا چاہیئے۔ اس کے تو بیشمار فوائد ہیں۔ لیکن تھکاوٹ سے بچنے کے لئے خاص طور پر پانی کا بکثرت استعمال ضروری ہے اسی طرح ہمیں ایسے پھل استعمال کرنے چاہئیں جن میں پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ مثلاً تربوز، کینو، مالٹا اور گریپ فروٹ وغیرہ۔

6۔ دوپہر کے بعد یا رات کو کافی یا کیفین کے دیگر مشروبات سے پرہیز کریں۔ اگرچہ صبح کے وقت تھوڑی مقدار میں کافی استعمال کرنے سے ہم اگلے کچھ گھنٹوں کے لئے چست اور توانا ہو جاتے ہیں تاہم زیادہ مقدار میں شام یا رات کو اس کا استعمال ہماری نیند کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے۔

7۔ جہاں جسمانی تھکاوٹ ہماری صحت پر برا اثر ڈالتی ہے وہاں ذہنی دباؤ ہماری صحت کا دشمن ہے۔ مثلاً اداسی، پریشانی، بوریت، غصہ بھی ہمارے جسم پر بری طرح اثر انداز ہوتا ہے۔ مشکلات اور تکلیفیں ہماری زندگی کا حصہ ہیں لیکن اگر ہمارا ردعمل دانشمندانہ ہو تو ہم ان کیفیات کا بہتر طریق سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ مثلاً منہ پر پانی کے چھینٹے مارنا یا شاور لینا ہماری طبیعت کو شگفتگی اور تازگی بخشتا ہے۔ اسے Water Therapy بھی کہتے ہیں۔

8۔ ہمیں صاف ستھرا لباس پہننا چاہیئے اور اپنا حلیہ درست رکھنا چاہیئے کیونکہ یہ بیرونی عوامل ہماری اندرونی کیفیات پر مثبت اثرات مرتب کرتے ہیں۔

9۔ اپنی منفی کیفیات مثلاً خوف، پریشانی، افسردگی اور ذہنی تناؤ وغیرہ کو اپنے اندر نہ رکھیں بلکہ کسی سے بات چیت کر کے اپنا بوجھ ہلکا کر لیں۔ ایسا کرنے سے آپ کی روح اور جسم دونوں ہلکے پھلکے ہو جائیں گے۔ اکیلے پن کی عادت سے بچیں اور دوستوں کے ساتھ اپنے خیالات Share کریں۔

10۔ معاف کرنے اور دوستی کرنے کی عادت اپنائیں۔ حسد، بغض اور کینے کو اپنے اندر دبا کر رکھنا نہ صرف ہماری حرکت قلب اور بلڈ پریشر میں اضافے کا موجب بنتا ہے بلکہ ہمارے مدافعتی نظام پر بھی بڑا برا اثر ڈالتا ہے لہٰذا انتقام اور غصے کی آگ کو معافی اور دوستی کے پانی سے ٹھنڈا کرنے کی عادت اپنائیں۔

11۔ جب آپ دباؤ یا تناؤ میں ہوں تو گہرے گہرے لمبے سانس لیں۔ اس طرح آپ کے دماغ اور جسم کو زیادہ آکسیجن مہیا ہو گی اور آپ شگفتگی اور تازگی محسوس کریں گے۔

(باقی صفحہ 3 پر)

ماخوز..................................مرسلہ مکرم قریشی محمد کریم صاحب

# نشہ آور ادویہ کا استعمال روکنا ضروری ہے

دنیا کے 20 کروڑ سے زیادہ افراد کسی نہ کسی قسم کی غیر قانونی نشہ آور دوا استعمال کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے نشہ آور ادویہ اور جرائم کے دفتر کے مطابق ان میں سے سب سے زیادہ استعمال ہونے والی نشہ آور شے بھنگ ہے اس کے بعد ایمفیٹے میز "Ampftamines" کوکین اور افیون سے تیار ہونے والی دوائیں مثلاً ہیروئن وغیرہ زیادہ استعمال کی جاتی ہیں۔

یہاں ایمفیٹے میز کے بارے میں کچھ بتانا مناسب ہوگا۔ یہ ایک نہایت تیزی سے اڑنے والا Colatilb سیال ہوتا ہے۔ جسے بند ناک کھولنے کے لئے خاص طور پر پیک شدہ انہیلر ز کے ذریعے سے سونگھا جاتا ہے۔ یہ مرکزی اعصابی نظام کو تحریک دینے والی نہایت تیز دوا ہے۔ اسے ذہنی پستی یا اضمحلات (ڈپریشن) کے علاج کے لئے تجویز کیا جاتا ہے۔ اسے شام کے وقت استعمال نہیں کیا جاتا۔ کیونکہ مرکزی اعصابی نظام کو تحریک ملنے کی وجہ سے نیند اڑ جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے بلڈ پریشر بھی بہت کم ہو جاتا ہے۔

ان دواؤں کی مضرت کا اندازہ لگانے کے لئے عالمی ادارہ صحت نے 2000ء میں دنیا کے کئی ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی قائم کی تھی۔ ان ماہرین کی آرا پر مشتمل ایک جامع رپورٹ شائع ہوگئی ہے کہ غیر قانونی نشہ آور ادویہ کا استعمال خواتین کے مقابلے میں مردوں میں زیادہ ہے۔ ان ادویہ کا استعمال تمباکو اور شراب نوشی سے بھی زیادہ ہو رہا ہے اور بڑی عمر والوں کے مقابلے میں نوجوان انہیں زیادہ استعمال کر رہے ہیں رپورٹ کے مطابق 1998ء اور 2001ء کے عرصے میں دنیا کی کل آبادی کے 2.5 فیصد اور 15 سال اور اس سے زیادہ عمر کے 3.5 فیصد افراد نے یہ دوائیں استعمال کیں۔

نشہ آور ادویہ کی عادت دائمی ہوتی ہے جس کے نتیجے میں انہیں مستقل طور پر استعمال کرنے والے مختلف قسم کی جسمانی اور ذہنی کیفیات اور تکالیف کے شکار ہو جاتے ہیں۔ ایک ماہر کے مطابق ''ہم نہیں جانتے کہ یہ دوائیں اور ان کے امراض کس حد تک قابل علاج ہیں'' دماغ کو ان کی وجہ سے کس حد تک نقصان پہنچتا ہے اور اس میں کتنی منفی قسم کی تبدیلیاں واضح ہوتی ہیں۔ لیکن یہ ضرور علم میں ہے کہ کئی موثر اقدامات کے ذریعے ان نشوں سے نجات اور صحت یابی ممکن ہے۔

یہ اپنی نوعیت کی پہلی رپورٹ ہے جس میں اعصابی علم (نیوروسائنس) کے سلسلے میں ہونے والی پیش رفت کے تذکرے کے ساتھ یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ نشہ آور ادویہ کی عادت اور ان کا استعمال دوسرے اعصابی یا نفسیاتی امراض ہی کی طرح پریشان کن اور نقصان دہ ہوتا ہے۔

یہ کئی حیاتیاتی جینیاتی، یعنی موروثی اثرات کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ نفسیاتی، اور ماحولیاتی عوامل بھی اس کا سبب ہوتے ہیں۔ یہ بات عرصہ سے علم میں ہے کہ دماغ میں مختلف قسم کے درجنوں اور کیمیائی پیغام رساں یا نیوروٹرانسمیٹر ہوتے ہیں۔ اس رپورٹ میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ نفسیاتی تحریک دینے والی اشیاء کس طرح دماغ کے اندر قدرتی طور پر بننے والے نیوروٹرانسمیٹرز ہی کی طرح دماغ کے معمول کے کام میں خلل یا رکاوٹ پیدا کرتی ہیں۔ یہ اشیاء نیوروٹرانسمیٹر ز کے جمع ہونے ان کے اخراج اور انہیں الگ کرنے کے عمل میں مداخلت کر کے دماغ کے معمول کے کام اور کارکردگی کو سخت متاثر کرتی ہیں۔

رپورٹ میں نیوروسائنس کی جدید تحقیق و ترقیات کے تذکرے کے ساتھ ساتھ نشہ آور ادویہ کے استعمال کی شدید خواہش انہیں کسی نہ کسی طرح لازماً استعمال کرنے اور ان پر انحصار یا ان کی پختہ عادت کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نفسیاتی محرک اشیاء (ادویہ) دماغ پر مختلف انداز میں اثر انداز ہوتی ہیں۔ یہ دماغ کے مختلف حصوں اور جذبات کو تحریک دیتی ہیں۔ اس میں موروثی اثرات کے ساتھ ماحولیاتی عوامل کے شامل ہونے کی وجہ سے ان کی عادت کے اور معلومات ایسے افراد کی عادات کی تشخیص اور دواؤں سے ان کا علاج کے سلسلے میں معاون ثابت ہوگی۔ اس رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ان کا استعمال روکنے اور علاج کے لئے موثر تدابیر کیا ہوسکتی ہیں۔ یہ اقدامات معاشرے کے لئے موثر ہونے کے علاوہ اقتصادی طور پر بھی مفید ہو سکتے ہیں۔

رپورٹ کے مطابق تمباکو، شراب اور غیر قانونی نشہ آور ادویہ سے پیدا ہونے والے مسائل پر صحت عامہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں مناسب پالیسیاں وضع کرنے کی بھی ضرورت ہے تاکہ اس طرح مختلف انسانی معاشروں میں موجود یہ مسائل حل ہو جائیں۔

واضح رہے کہ عالمی سطح پر امراض کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کے سلسلے میں عالمی ادارہ صحت کی مرتبہ 2002ء کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان مسائل کا بوجھ غیر قانونی ادویہ کا نتیجہ نہیں بلکہ قانوناً درست اور جائز قرار دی جانے والی دواؤں کا نتیجہ ہے۔ ایسی اشیاء میں تمباکو اور الکحل کا استعمال کئی یورپی ممالک اور امریکہ کے مردوں میں بڑی شدت اختیار کر گیا ہے۔ اس اعتبار سے ان ملکوں میں تمباکو اور شراب کے علاوہ دیگر نشہ آور دواؤں کا استعمال کم کرنا بے حد ضروری ہو گیا ہے۔ صحت عامہ کے اعتبار سے ان نشہ آور اشیاء کے گہرے منفی اثرات، موثر اقدامات کا تقاضا کرتے ہیں۔

(ماخوذ ماہنامہ ''مرحبا صحت'' جولائی 2005ء)

ماخوذ

# دنیا کی 10 بلند ترین عمارتیں

## برج دبئی

یہ عمارت اگرچہ ابھی زیر تعمیر ہے تاہم اس کے میناروں کی اونچائی 604.9 میٹر یعنی (1984.9 فٹ) تک پہنچ چکی ہے۔ فروری 2008ء تک اس کی 159 منزلیں مکمل ہو چکی تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ مکمل ہونے کے بعد اس عمارت کی بلندی 2,296 فٹ ہو جائے گی۔

## تائی پائی 101 تائیوان

